Rampur State Gazette

بحکم ہز ہائینس اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(نمبر ۲۲) مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۴ / صفر سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۸ / مئی سنہ ۱۹۳۵ء (جلد ۳۶)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	روبکار بابت لحاظ بوقت خلوت آسامی مسیحان مسعود علیخان (سابق منیجر اسٹیٹ پریس) و مقصود علیخان (سابق انسپکٹر باغات)	۲	(۲)	ترمیم وایزادی عبارت تحت دفعہ (۲۹) قواعد پنشن۔	۲ و ۲
			۳	منظوری عبارت ایزاد شدہ تحت دفعہ (۲۹) قواعد پنشن برائے اشخاص تخفیف شدگان یکم مئی سنہ ۱۹۳۵ء	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۱۲ مئی ۱۹۳۵ء

عرضی عرائض مسعود علیخاں سابق منیجر اسٹیٹ پریس
و منصور علیخاں سابق انسپکٹر باغات بابت معاش
پرورش خود ہا

حکم

دونوں عرضداشتیں بذریعہ ڈاک پیش ہوئیں۔
چونکہ یہ دونوں آدمی خاص خاندان سے ہیں لہذا ہر دو
اشخاص کا خاص لحاظ رکھا جائے۔ جب کوئی جگہ خالی ہو تو
ان دونوں اشخاص کو پہلا موقعہ دیا جائے۔
حکم نامہ مع ہر دو عرضداشت مسٹر صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہو۔ (مسودہ)

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل حکم ہمایوں کی جملہ منسٹر صاحبان
بہادر کی خدمت میں بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو
۱۲ مئی ۱۹۳۵ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۴ مئی ۱۹۳۵ء

عرضداشت ملاحظہ ہوئی۔ منظور ہے۔ احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو
(مسودہ) (دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی:

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۱۰ مئی ۱۹۳۵ء میں
صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز بابت ترمیم قواعد پنشن
متعلق ازدیاد عبارت ذیل تحت دفعہ (۴۹) "قواعد پنشن"
منظور شدہ پیش ہوئی:-

الف۔ جب کوئی آسامی تخفیف کیجائے تو ملازم متعلق
کو حکم تخفیف کی تاریخ نفاذ سے تین ماہ قبل تخفیف
کی اطلاع دیجانی لازمی ہوگی۔ عدم اطلاع دہی کی
صورت میں ملازم مذکور تین ماہ کی سالم تنخواہ
پانے کا مستحق ہوگا۔ اس کو اس مدت کی تنخواہ
واجب الادا ہوگی۔ جو تین مہینے کے نوٹس کی
تکمیل کے لئے باقی رہ جائے۔ مگر یہ مدت
جسکی ماہانہ تنخواہ اسکو وصول ہوگی بابت
پنشن میں شمار نہ ہوگی۔

ب۔ نوٹس متذکرہ دفعہ ہذا کے اجراء کی ضرورت
اس حالت میں نہ ہوگی۔ جب کہ ایک ملازم
عارضی طور پر کچھ محدود مدت کے لئے یا کسی
خاص کام کی انجام دہی کے لئے کارگذار رکھا گیا
متعین کیا جائے بشرطیکہ شرط متعلقہ کی اطلاع

اس کو پروانۂ تقرر کے ذریعہ دیدی گئی ہو

ج۔ نوٹس متذکرہ دفعہ ہٰذا کے اجراء کی اسوقت بھی ضرورت نہ ہوگی جب کہ ایک ملازم امتحاناً رکھا گیا ہو اور ناکامیابی کیوجہ سے علیحدہ کیا جائے یا بطور امیدوار الاؤنس ماہانہ پر مقرر ہو کر کسی مستقل ملازم کیجگہ پر بطور عوض مقرر کیا گیا ہو۔

تجویز ہوئی کہ:۔

دفعہ ۴۹ قواعد پنشن کی عبارت سابق بدستور رہیگی اس کے بعد حسب صراحت بالا عبارت الف، ب، ج ایزاد ہوگی۔ لہذا بابت منظوری ترمیم متذکرہ صدر پیشگاہ معلی میں سفارش کیجاتی ہے۔

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بابت منظوری ترمیم پیشگاہ معلی سے حکم تخشم شرف نفاذ پائے والادب

دولت و اقبال جاوید باد

ترقیخواہ۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۲ رمئی ۱۹۳۵ء

حکم

واقع ۱۳ رمئی ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

عرضداشت ملاحظہ ہوئی منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل ہی گزٹ ہو۔

(مسودہ)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جزو عرض | بجا بجائی | میر ساتد

ہسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۰ رمئی ۱۹۳۵ء میں ترقیخواہ کی اس تجویز پر کہ چونکہ کونسل نے قواعد پنشن کی دفعہ ۴۹ کے تحت میں ایزادی عبارت الف، ب، اور ج کی تجویز کی ہے لہذا اس دفعہ کا اطلاق اُن اشخاص پر بھی کئے جانے کی ضرورت ہے جو یکم مئی ۱۹۳۵ء سے تخفیفاً علیحدہ کئے گئے ہیں اور جن کو بموجب دفعہ ۴۹ (الف) نوٹس دیئے جانے کی ضرورت ہوتی۔ اگر یہ دفعہ قواعد پنشن کے ساتھ ہی منظور ہو جاتی۔

تجویز ہوئی کہ بابت منظوری پیشگاہ معلی میں سفارش کیجائے۔

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ عبارت ایزاد شدہ الف۔ ب۔ اور ج تحت دفعہ ۴۹ کا اطلاق یکم مئی ۱۹۳۵ء سے تخفیف ہو جانے والوں پر بھی پیشگاہ معلی سے پرورشاً منظور فرمایا جائے۔

والادب دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقیخواہ۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۲ رمئی ۱۹۳۵ء